کنٹونمنٹ بورڈ کوئٹہ

فون نمبر: 081-9201443

مورخہ 26 اپریل، 2024

نیلام عام مویشی منڈی شہباز ٹاؤن فیز-IV
بلمقابل صدر پولیس اسٹیشن، سمنگلی روڈ، کوئٹہ کینٹ

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ کوئٹہ کینٹ کی اپنی حدود میں واقع خالی جگہ بلمقابل صدر پولیس اسٹیشن، سمنگلی روڈ، کوئٹہ کینٹ میں مویشی منڈی کا ٹھیکہ عرصہ برائے 20 دن جو کہ یکم جون 2024 سے 20 جون 2024 تک کے لیے نیلام عام مورخہ 20 مئی 2024 بوقت 12:00 بجے دن دفتر ہذا میں منعقد کر رہا ہے مذکورہ تاریخ کو اگر ناگزیر وجوہات کی بناء پر نیلام نہ ہو سکا تو دوبارہ نیلام عام مورخہ 21 مئی 2024 بوقت 12:00 بجے، اور سہ بارہ نیلام عام مورخہ 22 مئی 2024 بوقت 12:00 بجے منعقد ہوگا خواہشمند حضرات مذکورہ نیلام عام میں شرکت فرما کر موقع سے فائدہ اٹھائیں۔

نیلامی کی شرائط و ضوابط

-1 تمام خواہشمند حضرات کو بولی میں حصہ لینے کے لئے مبلغ Rs.300,000/- (تین لاکھ روپے) بطور زرضمانت (قابلِ واپسی) کال ڈیپازٹ بنام کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر کوئٹہ کینٹ بمعہ اپنے قومی شناختی کارڈ کی کاپی جمع کروا کر بولی میں حصہ لینے کے اہل ہونگے زر بیعانہ بطور سیکورٹی جمع رہے گا اور کامیاب اور دوسرے نمبر پر آنے والے بولی دہندہ کے علاوہ تمام بولی دہندگان کو بولی کے اختتام پر واپس کر دیے جائیں گے۔

-2 ریٹ برائے وصولی فیس مندرجہ ذیل ہوں گے۔

(I)_____اونٹ، بیل، گائے (Rs.3000/-)

(II)____بکرا/دنبہ وغیرہ (Rs.1000/-)

-3 بولی دہندہ بذات خود یا اپنے قانونی مختار کی وساطت سے بولی میں حصہ لے سکتے ہیں اگر کوئی بولی دہندہ دوسرے کی جگہ بولی میں حصہ لینا چاہتا ہے تو اس کا اتھارٹی لیٹر اور قومی شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی جمع کرانا ہوگی۔

-4 کامیاب بولی دہندہ کو بولی کے اختتام پر کل بولی کا چوتھائی (1/4) حصہ نقد رقم (سیکورٹی ڈپازٹ کے علاوہ) موقع پر ہی جمع کرانا ہوگا۔ بصورت دیگر جمع شدہ رقم بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط تصور ہوگی۔

-5 ٹھیکہ دار کو ٹھیکے کی منظوری کے تین یوم کے اندر اندر نان جوڈیشل اسٹام پیپر پر تحریری معاہدہ کرنا ہوگا۔

-6 کامیاب بولی دہندہ کو ٹھیکہ کی بقایا رقم ٹھیکہ شروع ہونے سے قبل جمع کروانا ہوگی۔

-7 ٹھیکہ دار بجلی، گیس، پانی وغیرہ کا خرچہ خود برداشت کریگا۔

-8 کامیاب بولی دہندہ کل رقم پر ایڈوانس انکم ٹیکس 10% فائلر کے لئے اور 20% نان فائلر کے لئے FBR مروجہ قانون کے مطابق جمع کرائے گا۔

-9 مویشی منڈی میں سیکیورٹی کی ذمہ داری ٹھیکیدار کی ہوگی اور کینٹ بورڈ کسی بھی قسم کے نقصان کا ذمہ دار نہ ہوگا۔

-10 مویشی منڈی میں پارکنگ فیس کی وصولی متعلقہ ٹھیکیدار کی ہوگی۔

-11 کامیاب بولی دہندہ نیلامی کی جگہ کو صاف ستھرا رکھنے کا پابند ہوگا۔ جانوروں کے لیے خوراک، پانی اور سایہ کا بندوبست ٹھیدار کے ذمے ہوگا۔

-12 متعلقہ ٹھیکیدار کسی بھی طرح ٹریفک میں خلل پیدا ہونے نہیں دے گا اور اگر ٹریفک کی روانی متاثر ہوئی تو اسکی ذمہ داری کامیاب بولی دہندہ کی ہوگی۔

-13 کوئی بھی ایسا شخص، ادارہ یا فرم جو کسی بھی شکل میں کنٹونمنٹ بورڈ کا نادہندہ ہوگا۔ نیلامی میں حصہ لینے کا مجاز نہیں ہوگا۔

-14 نیلامی کا نوٹس و شرائط و ضوابط پیپرا PPRA کی ویب سائٹ www.ppra.org.pk پر بھی موجود ہے۔

-15 کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر / کنٹونمنٹ بورڈ کا یہ حق محفوظ ہے کہ وجہ بتائے کوئی یا تمام بولیاں قبول یا مسترد کر دے دیگر شرائط و ضوابط کنٹونمنٹ بورڈ کوئٹہ ریونیو برانچ سے دورانِ دفتری اوقات کار میں حاصل کی جا سکتی ہیں۔

المشتہر

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر

کوئٹہ چھاؤنی